# منفرد کے لیے سلام پھیرتے وقت کی نیت

**مجیب:** ابوشاھد مولانا محمد ماجد علی مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3613

**تاریخ اجراء:** 29شعبان المعظم1446ھ /28فروری2025ء

## دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

## سوال

اکیلے نماز میں سلام کرتے ہوئے کیا نیت کرتے ہیں؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

منفرد یعنی اکیلا نماز پڑھنے والا جب نماز کا سلام پھیرے تو نماز سے نکلنے کی نیت کے ساتھ ساتھ کراماکاتبین اور اس کی حفاظت کرنے والے فرشتوں پر سلام کی نیت کرے۔

در مختار میں ہے"(وينوي) الإمام بخطابه (السلام على من في يمينه ويساره) ممن معه في صلاته۔۔۔(والحفظة فيهما)۔۔۔وينوي المنفرد الحفظة فقط)"ترجمہ: امام دائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے خطاب سے ان مقتدیوں کی نیت کرے جو دائیں طرف ہیں اور بائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے ان کی جو بائیں طرف ہیں، اور دونوں سلاموں میں حفاظت کرنے والے فرشتوں کی بھی نیت کرے، اور منفرد فقط حفاظت کرنے والے فرشتوں کی نیت کرے۔

اس کے تحت رد المحتار میں ہے"(قوله والحفظة)۔۔۔ولم يقل الكتبة ليشمل من يحفظ أعمال المكلف وهم الكرام الكاتبون، ومن يحفظه"ترجمہ: (مصنف کا قول: حفاظت کرنے والے) مصنف نے "كتبة" (کاتبین) نہیں کہا تاکہ "حفظة" (حفاظت کرنے والے) ان کو بھی شامل ہو جائے جو مکلف کے اعمال کی حفاظت کرتے ہیں اور وہ کراماکاتبین ہیں، اور جو اس کی حفاظت کرتے ہیں۔(در مختار مع رد المحتار، ج1، ص526،527، 529، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے"امام داہنے سلام میں خطاب سے ان مقتدیوں کی نیت کرے جو داہنی طرف ہیں اور بائیں سے بائیں طرف والوں کی، مگر عورت کی نیت نہ کرے، اگرچہ شریکِ جماعت ہو نیز دونوں سلاموں میں کراماکاتبین

اور ان ملائکہ کی نیت کرے، جن کو اللہ عزوجل نے حفاظت کے لیے مقرر کیا اور نیت میں کوئی عدد معین نہ کرے۔ مقتدی بھی ہر طرف کے سلام میں اس طرف والے مقتدیوں اور اُن ملائکہ کی نیت کرے، نیز جس طرف امام ہو اس طرف کے سلام میں امام کی بھی نیت کرے اور امام اس کے محاذی ہو تو دونوں سلاموں میں امام کی بھی نیت کرے اور منفرد صرف اُن فرشتوں ہی کی نیت کرے۔" (بہار شریعت، ج 1، حصہ 3، ص 537،536، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net